© rasailojaraid.com



# شان عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

| | |
|---|---|
| نبیؐ کے خدمت گار عثمانؓ کہتے ہیں | حیا دار جامع القرآن کہتے ہیں |
| کامل حیاء، کامل وفا میں وہ عثمانؓ | ذو النورین نبیؐ کا یار کہتے ہیں |
| اسلام میں جن کی سخاوت کے چرچے | مدبر جسے بردبار عثمانؓ کہتے ہیں |
| وہ زینت بزم علم عرفان ہے | چمن نبی کی بہار عثمانؓ کہتے ہیں |
| ید نبیؐ پر ید نبوتؐ ید خدا | اسے عظمت وقار عثمانؓ کہتے ہیں |
| مظلومانہ شہادت اس قدران کی | جسے صابر جانثار عثمانؓ کہتے ہیں |
| عثمانؓ کا باغی نبیؐ کا باغی ہے | غریبوں کا غم خوار عثمانؓ کہتے ہیں |
| ان کی شہادت پر شاہد قرآن ہے | حسنینؓ پہریدار عثمانؓ کہتے ہیں |
| عذاب سے نہ بچ سکیں کے بلوائی | کیا جنہوں نے یہ وار عثمانؓ کہتے ہیں |
| جس کے واسطے کی بیعت رسول اللہ | اسے عادل روزہ دار عثمانؓ کہتے ہیں |
| جسے دس بار جنت کی بشارت ملی | اسے سپہ سالار عثمانؓ کہتے ہیں |
| وہ جن سے عرش والے حیاء کرتے ہیں | تاجؔ ان کو حیاء عثمانؓ کہتے ہیں |

© rasailojaraid.com